للامام الشہید ابو مصعب الزرقاویؒ

کی شہرہ آفاق کتاب......ھل أتاك حدیث الرافضة؟......سے ماخوذ

التحذير من فتنة الرافضة

(رافضیت قرآن وحدیث اور سلف صالحین کے فتاویٰ کی روشنی میں)

للامام الشہید ابو مصعب الزرقاویؒ

کی شہرہ آفاق کتاب ...... هل أتاك حديث الرافضة؟ ...... سے ماخوذ

التحذير من فتنة الرافضة

(رافضیت پر قرآن وحدیث اور سلف صالحین کے فتاویٰ کی

روشنی میں ایک مختصر رسالہ)

ترتیب وتلخیص

ابو حسن الشامی ﷾

ابتدائیہ

اسلام اور عالم اسلام کو جب کبھی کسی فتنے اور سازشوں کا سامنا کرنا پڑا یا پھر وہ کسی عظیم مصیبت اور کرب میں مبتلا ہوئے تو اس کے پیچھے ہمیشہ جس...... فرقة الغدر والخيانة ...... خائن وغدار رافضی قوم کا در پردہ کردار رہا، ان کو ہم عرف عام میں "شیعہ" کہتے ہیں اور اس کے علاوہ ان کے کفریہ اور شرکیہ عقائد کو "سبائیت" کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔ زیر نظر تحریر دو ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب میں رافضیت کی حقیقت، اس کی پہچان، اس کے بارے میں حکم شرعی بلحاظ کفر اور قتال قرآن وسنت اور سلف صالحین کے فتاوی کی روشنی میں ہے اور دوسرا باب بلاد اسلامی عراق میں مجاہدین کے سپہ سالار امام الشہداء شیخ مصعب الزرقاوی شہید رحمہ اللہ کی کتاب "هل اتاك حديث الرافضة" سے ماخوذ ہے، جس میں انہوں نے بڑے ہی مدلل اور پرسوز انداز میں مسلمانوں کے سامنے روافض کا اصل چہرہ بے نقاب کیا ہے، کہ کس طرح قرون اولی سے لے کر آج تک یہ گروہ، مسلمانوں اور اسلام کی جڑیں کاٹنے میں پیش پیش رہا، اور جس کی سب سے کربناک مثال عصر حاضر میں عراق کی ہے، جہاں انہوں نے امریکہ اور دجالی لشکر بلیک واٹر کے ساتھ مل کر اہل السنۃ کے ساتھ وہی بھیانک سلوک کیا جو اس سے پہلے ان کے آباؤ اجداد نے ہلاکو خان کے ساتھ مل کر بغداد میں کیا تھا۔ اہل السنۃ کی عزتوں کو تار تار کیا گیا، ان کے مال و متاع کو برباد کیا گیا اور ان کی جانوں سے خون کی ہولی کھیلی گئی اور اب امریکہ اور اس کے زرخرید غلام یہی کردار اور مناظر پاکستان میں اہل السنۃ کے ساتھ دوہرانے کی بڑے پیمانے پر تیاری کر چکے ہیں اور امریکی دفاعی ادارہ پنٹاگون کافی عرصے پہلے یہ بات صراحت سے کہہ چکا ہے کہ وہ عراق سے اپنے مشن کی تکمیل کے بعد اپنے اسی لاؤ لشکر کے ساتھ پاکستان منتقل ہو رہا ہے اور اب صورتحال یہ ہے کہ وہ پاکستانی شہروں

میں بلیک واٹر کی صورت میں دندناتے پھر رہے ہیں اور اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے تیاری کر رہے ہیں۔ اس کام کو سرانجام دینے کے لیے یعنی پاکستان میں اہل السنہ کی کمر توڑنے اور ان کو جہاد کے لئے اپنے مال و جان سے مدد کرنے ، جو در اصل ان کے مسیح دجال کے خروج میں رکاوٹ بن رہا ہے، کی عبرتناک سزا دینے کے لئے وہ جس گروہ کے کندھوں کا سہارا لے رہے ہیں وہ یہی "روافض" ہیں اور اہل السنہ میں سے وہ جنہوں نے اپنے دین و ایمان کو دنیا کے تھوڑے سے نفع کے خاطر برباد کرنے اور کفر و ارتداد کی صفوں میں کھڑا ہونا پسند کر لیا ہے۔

اے مسلمانانِ پاکستان اب وقت جاگنے اور خبردار ہونے کا ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ رافضی گروہ آپ کی غفلت اور عیش کوشی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ کے ساتھ وہی معاملہ کرے جو وہ عراق اور افغانستان میں کر چکے ہیں اور یہ بات بھی وہ لوگ جان لیں جو کہ اس فریب میں مبتلا ہیں کہ اہل السنہ اور روافض کے درمیان اتحاد و یکا نگت بھی ممکن ہے، حالانکہ یہ تو وہ گروہ ہے جس کے روحانی ہیرو ابولولو، فیروز مجوسی نے حضرت عمر بن فاروق رضی اللہ عنہ کو شہید کیا، اور ان ہی کے سرخیل عبداللہ بن سبا ملعون کے در پردہ کھڑے کیے گئے فتنے کی وجہ سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بے دردی سے شہید کیا گیا، اور اسی عبداللہ بن سبا ملعون کی ریشہ دوانیوں کی وجہ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان نزاعات نے شدت اختیار کی جو کہ مسلمانوں کے ناحق خون بہنے کا سبب بنی، یہی وہ سبائی ٹولہ تھا جو کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مقابلے پر آیا، یہی کوفہ کے رافضی تھے جنہوں نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ غداری کی اور یہی رافضی ٹولہ تھا کہ جنہوں نے ہلاکو خان کے ساتھ مل کر بغداد میں خلافت کی اینٹ سے اینٹ بجائی، یہ ہی وہ رافضی گروہ تھا کہ جس نے سب سے زیادہ بڑھ چڑھ کر امارت اسلامیہ افغانستان کو گرانے میں امریکہ کی مدد کی، یہ ہی وہ سبائی ٹولہ تھا جس نے عراق میں پھر ہلاکو خان کی یاد کو تازہ کر دیا اور اب یہی وہ رافضی ٹولہ ہے جس کا غلبہ اب پاکستان کے اعلیٰ ترین حکومتی، سرکاری، عدالتی اور عسکری عہدوں پر ہو چکا ہے جس کے ذریعے وہ اب عراق کی تاریخ پاکستان میں دہرانے کا آغاز کرنے والے ہیں اور بالآخر یہی وہ رافضی گروہ ہے، جو کہ ان گروہوں

میں شامل ہوگا جو کہ دجال کے خط اول کے سپاہی ہوں گے اور بالآخر جہنم کا ایندھن بننا ان کا مقدر ٹھہرے گا۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''اسلام کی کڑیاں ایک ایک کر کے ٹوٹیں گی...... اور تم اپنے پہلے والوں کے طریقوں پر ہو بہو اور قدم بہ قدم چلو گے، نہ تم ان کے راستے سے ہٹو گے اور نہ وہ ہٹیں گے۔ یہاں تک کہ فرقوں میں سے دو فرقے رہ جائیں گے۔ ان میں سے ایک فرقہ کہے گا کہ پانچ (۵) نمازیں کہاں سے آگئی؟ بلاشبہ ہم سے پہلے والے گمراہ ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے تو یہ ارشاد فرمایا ہے ''اقم الصلوٰۃ طرفی النھار وزلفا من الیل'' (تم نماز قائم کرو دن کے دونوں سروں پر اور کچھ رات میں سے) لہٰذا تم صرف تین (۳) نمازیں پڑھا کرو اور دوسرا فرقہ یہ کہے گا کہ مومنین کا اللہ پر ایمان فرشتوں کے ایمان کی طرح ہے، نہ تو ہم کافر ہوتے ہیں اور نہ ہی منافق۔ اللہ پر لازم ہے کہ ان دونوں فرقوں کا حشر دجال کے ساتھ کرے''

(مستدرك الصحيحين للحاكم، ج: ٤، ص: ٥٧٤، صحيح الاسناد)

اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے ہی دوسری روایت میں ان دونوں گروہوں کے بارے میں یہ الفاظ ملتے ہیں:

''میں امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو جہنمی گروہوں کو اچھی طرح جانتا ہوں (اور پھر آپ نے مذکورہ بالا دونوں گروہوں کا ذکر فرمایا)''۔

(مستدرك الصحيحين للحاكم: ٨٢٩٤۔ مصنف ابن ابی شيبة: ٣١٠٥٤)

تین نمازوں کا قائل اور پانچ نمازوں کے پڑھنے والوں کو گمراہ سمجھنے والا گروہ روافض کا ہی ہے۔ عقل رکھنے والوں کے لئے ان حقائق میں کھلی عبرت موجود ہے اور...... التحذير من فتنة الرافضة...... احتیاط ہے فتنہ روافض سے......!!

"التحذیر من فتنة الرافضة"

﴿باب اول﴾

روافض کون

شیعوں کا اصل نام "الرافضۃ" ہے اور آج تک سلف وصالحین نے ان کے لئے عموماً یہی اصطلاح استعمال کی ہے۔ سوال یہ ہے کہ فقہاء اور سلف نے "الرافضۃ" کی اصطلاح کیوں استعمال کی؟ لہذا اس لیے اس نام کو صرف لغوی اور تاریخی اعتبار سے ہی نہیں سمجھنا چاہیے بلکہ ان کے احکام اور معنیٰ کو سمجھنا بہت ضروری ہے جس بنا پر انہیں یہ نام دیا گیا۔

((اخبرنا عبد اللّٰہ بن احمد قال قلت لأبی من الرافضة قال الذی یشتم ویسب أبابکر وعمرؓ))

(السنة للخلال ،ج:۳،ص:۴۹۲ واسناده صحیح۔السنة لعبد اللّٰہ بن احمد،ج:۲ص:۵۴۸)

"ہم کو خبر دی ابوعبداللہ احمد بن حنبل نے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ "رافضی" کون ہیں، فرمایا وہ شخص جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو برا کہے اور ان کو گالیاں دے"۔

((المعروف ان الرافضة قبحهم اللّٰہ یسبون الصحابةؓ ویلعنوهم وربما کفروهم او کفروا بعضهم والغالیة منهم مع سبهم لکثیر من الصحابة والخلفاء یغلون فی علیؓ واولاده ویعتقدون فیهم الالهیة))

(شرح العقیدة الواسطیة ،ج:۱،ص:۲۵۳)

"معروف بات یہ ہے کہ روافض کو اللہ ہلاک کرے کیونکہ وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو

گالیاں دیتے ہیں اور ان پر لعنت کرتے ہیں اور تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تکفیر کرتے ہیں یا ان میں سے بعض کو کافر کہتے ہیں اور ان کی غالب اکثریت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اور خلفاء راشدین کو گالیاں دینے کے ساتھ ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ان کی اولاد کے بارے میں غلو کرتی ہے اور ان کے بارے میں خدا ہونے کا اعتقاد رکھتی ہے"۔

((واما لفظ "الرافضة" فهذا اللفظ اوّل ما ظهر فی الاسلام لما خرج زید بن علی بن الحسین فی اوائل المائة الثانیة فی خلافة هشام بن عبد الملک واتبعه الشیعة، فسئل عن ابی بکر وعمر فتولاهما وترحم علیهما فرفضه قوم، فقال: "رَفَضْتُمُوْنِیْ رَفَضْتُمُوْنِیْ" فسموا الرافضة))

(مجموعة فتاوی ابن تیمیة، ج: ۳ص: ۱٤٦)

"رہا لفظ "رافضہ" تو یہ سب سے پہلے اسلام میں اس وقت ظاہر ہوا جب حضرت زید بن علی بن الحسین رحمہ اللہ نے دوسری صدی ہجری کے اوائل میں ہشام بن عبد الملک کی خلافت میں جہاد کے لئے نکلے اور شیعوں نے ان کی پیروی کی۔ جب شیعوں نے ان سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے ان دونوں حضرات سے محبت کا اظہار کیا اور ان پر رحمت بھیجی تو اس (رافضی) قوم نے ان کا ساتھ چھوڑ دیا تو انہوں نے کہا: "رَفَضْتُمُوْنِیْ رَفَضْتُمُوْنِیْ" "تم نے مجھے چھوڑ دیا تم نے مجھے چھوڑ دیا" اس کے بعد ان کو روافض کہا جانے لگا"۔

((وقد ذکر اهل العلم ان مبدا الرفض انما کان من الزندیق عبد الله بن سبا، فانه اظهر الاسلام وابطن الیهودیة وطلب ان یفسد الاسلام کما فعل بولص النصرانی الذی کان یهودیا فی افساد دین النصاری. وأیضا فغالب أئمتهم زنادقة، انما یظهرون الرفض، لانه طریق الی هدم الاسلام"

(مجموعة فتاوی ابن تیمیة، ج: ٦، ص: ٤٢١)

''اہل علم نے بیان کیا ہے کہ رافضیوں کا سرغنہ ایک زندیق عبداللہ بن سبا تھا۔ وہ ظاہرا مسلمان اور اصلا میں یہودی تھا۔ اس نے اسلام میں فساد داخل کرنے کے لیے بھیس بدلا جیسے کہ پولس نصرانی اصلا یہودی نے عیسائیت میں فساد داخل کرنے کے لیے عیسائیت اختیار کی۔ اسی طرح ان کے ائمہ کی اکثریت ''زندیق'' ہے وہ ''رفض'' کا اظہار اس لیے کرتے ہیں کیونکہ یہ اسلام کی عمارت کو ڈھانے کا راستہ ہے''۔

((ثم ظهر في زمن عليؓ التكلم بالرفض لكن لم يجتمعوا ويصير لهم قوة الا بعد مقتل الحسينؓ بل لم يظهر اسم الرفض الا حين خروج زيد بن علي بن الحسينؓ بعد المائة الاولى لما أظهر الترحم على ابي بكرؓ و عمرؓ رفضته الرفضة فسموا ''رافضة''))

(مجموعة فتاوى ابن تيميةؒ ج: ٦ ص: ٤٢٢)

''جناب علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں روافض ظاہر ہوئے لیکن انہیں قوت و شوکت حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد ملی بلکہ رافضیت کا نام بھی اس وقت ظاہر ہوا جب زید بن علی بن الحسین رحمہ اللہ نے دوسری صدی بعد خروج کیا اور جناب ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے لئے انہوں نے دعائے خیر کی۔ (پس انہوں نے ان کی خلافت کا انکار کیا) تو انہیں رافضی کہا گیا''۔

امام الشافعی رحمہ اللہ اس کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''جس نے یہ کہا کہ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما امام نہیں ہیں، تو وہ ''رافضی'' ہے''۔

(السير للذهبي في ترجمة)

امام الخرشی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

''یہ لقب ہر اس شخص کے لیے استعمال کیا گیا ہے جس نے دین میں غلو کیا اور صحابہ کی شان میں طعن کو جائز قرار دیا''۔ (شرح مختصر خليل)

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"ولھذا کان الرفض اعظم ابواب النفاق والزندقة"

(الفتاوی الکبری لابن تیمیۃ،ج:۷،ص:٤)

"اور اسی لیے رافضیت نفاق اور زندیقیت کا سب سے بڑا دروازہ ہے"۔

رافضیت احادیث رسول ﷺ کے آئینہ میں

((قال علی بن ابی طالبؓ قال رسول اللہ ﷺ ثم یظھر فی آخر الزمان قوم یسمون الرافضة یرفضون الاسلام))

(مسند احمد،ج:۱،ص:۱۰۳،رقم الحدیث:۸۰۸)

"حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آخری زمانے میں ایسے لوگ ہوں گے جن کو روافض کہا جائے گا وہ اسلام کو جھٹلائیں گے"۔

((عن علیؓ قال قال رسول اللہ ﷺ یکون قوم فی آخر الزمان یسمون الرافضة یرفضون الاسلام)) (مسند البزار۱۔۳،ج:۲،ص:۱۳۹)

"حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آخری زمانے میں ایسے لوگ ہوں گے جن کو رافضہ کہا جائے گا وہ اسلام کو جھٹلائیں گے"۔

((وعن علی بن ابی طالبؓ قال قال رسول اللہ ﷺ یظھر فی آخر الزمان قوم یسمون الرافضة یرفضون الاسلام))

(رواہ عبد اللہ والبزار وفیہ کثیر بن اسماعیل النوا وھو ضعیف بحوالة مجمع الزوائد،ج:۱۰،ص:۲۲۔السنة لابن ابی عاصم،ج:۲،ص:٤٧٤۔السنن الواردة فی الفتن،ج:۳،ص٦١٤،رقم الحدیث۲۷۸)

"حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آخری

زمانے میں ایسے لوگ ظاہر ہوں گے جن کو "رافضہ" کہا جائے گا وہ اسلام کو جھٹلائیں گے"۔

روافض کی سب بڑی پہچان

((عن ام سلمة قالت كانت ليلتي وكان النبي ﷺ عندي فاتته فاطمة فسبقها علي فقال له النبي ﷺ ياعلي! انت واصحابك في الجنة الا انه ممن يزعم انه يحبك اقوام يرفضون الاسلام ثم يلفظونه يقرأون القرآن لايجاوز تراقيهم لهم نبز يقال لهم الرافضة فان ادركتهم فجاهدهم فانهم مشركون قلت يارسول الله ﷺ ما العلامة فيهم قال لايشهدون جمعة ولاجماعة ويطعنون على السلف الاول (وفي رواية الرياض النضرة) ويشتمون أبابكر وعمر))

(مجمع الزوائد، ج:١٠، ص:٢٢۔ المعجم الاوسط، ج:٦، ص:٣٥٥، رقم الحديث:٦٦٠٥۔ السنة لابن أبي عاصم، ج:٢، ص:٤٧٥۔ الرياض النضرة، ج:١، ص:٣٦٣)

"حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میری رات کی باری تھی اور نبی کریم ﷺ میرے پاس تھے، پس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں اور ان کے آنے سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو آپ ﷺ نے فرمایا اے علی! تم اور تمہارے ساتھی جنت میں ہوں گے۔ سن لو! ان میں ایسے لوگ بھی ہوں گے جن کو یہ زعم ہوگا کہ وہ تجھ سے محبت کرتے ہیں، حالانکہ وہ اسلام کو جھٹلائیں گے اور اس سے نکل جائیں گے، وہ قرآن پڑھتے ہوں گے۔ پس تم ان سے جہاد کرنا کیونکہ وہ مشرک ہیں۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! ان کی علامت کیا ہے؟ فرمایا وہ نہ جمعہ میں حاضر ہوں گے اور نہ جماعت میں اور پچھلے لوگوں پر طعن کریں (اور ریاض النضرۃ کی روایت میں ہے) اور ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیں گے"۔

((قال قال لي النبي ﷺ يا علي أنت وشيعتك في الجنة وان قوما لهم نبز يقال له الرفضة ان ادركتهم فاقتلهم فانهم مشركون ,قال عليؓ ينتحلون حبا اهل البيت وليسوا كذلك وآية ذلك انهم يشتمون ابابكر وعمرؓ))

(مسند لعبد الله بن احمد ،ج:۲ ،ص:۵۴۸ ،رقم الحدیث: ۱۲۷۲، واسناده ضعيف)

”نبی کریم ﷺ نے مجھ سے فرمایا، اے علی! تم اور تمہاری اولاد جنت میں ہوگی اور بے شک ایک قوم ہوگی، اس کے لئے ہلاکت ہے، ان کو روافض کہا جائے گا۔ اگر تم ان کو پالو تو ان کو قتل کر دینا کیونکہ وہ مشرک ہیں۔ فرمایا علی رضی اللہ عنہ نے وہ ہمارے اہل بیت سے محبت کا اظہار کریں گے حالانکہ وہ ایسے نہیں ہوں گے، ان کی نشانی یہ ہے کہ وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیں گے“۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

((ومنهم من يرى ان فرج النبي ﷺ الذي جامع به عائشةؓ وحفصةؓ لابد ان تمسه النار ليطهر بذلك من وطء الكوافر))

(مجموعة فتاوى ابن تيميةؒ ،ج:۶ ،ص:۴۲۱)

”اور ان (روافض) میں سے بعض ایسا کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کی شرمگاہ کو آگ چھوئے گی (العیاذ باللہ) کیونکہ نے آپ ﷺ نے امہات المومنین عائشہ وحفصہ رضی اللہ عنہما کے ساتھ شب باشی فرمائی اور یہ زعم رکھتے ہیں کہ اس سے آپ ﷺ کو کافروں (یعنی امہات المومنین عائشہ وحفصہ رضی اللہ عنہما) کے ساتھ کی گئی شب باشی کی ناپاکی سے پاک کیا جائے گا (نعوذ باللہ)“۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ مزید فرماتے ہیں:

وهؤلاء الرافضة ان لم يكونوا شرا من الخوارج المنصوصين فليسوا دونهم ،فان اولئك انما كفروا عثمانؓ وعلياؓ واتباع عثمان وعلي فقط ،دون من قعد عن

القتال أو مات قبل ذلك، والرافضة كفرت أبابكرؓ وعمرؓ وعثمانؓ وعامة المهاجرين والانصار والذين اتبعوهم باحسان رضى الله عنهم ورضوا عنه وكفروا جماهير أمة محمد ﷺ من المتقدمين والمتأخرين فيكفرون كل من اعتقد في ابى بكر وعمر والمهاجرين والانصار العدالة أو ترضى عنهم كما رضى الله عنهم أو يستغفر لهم كما امر الله بالاستغفار لهم ولهذا يكفرون)) (مجموعة فتاوى ابن تيميةؒ، ج:٦، ص:٤٢١)

"پس یہ رافضی اگرچہ منصوص علیہم خوارج سے بدتر نہیں تو ان سے کچھ کم بھی نہیں۔ کیونکہ پہلے گروہ (یعنی خوارج) نے تو صرف عثمان وعلی رضی اللہ عنہما اور ان کے ساتھیوں کو کافر قرار دیا تھا سوائے اس کے جو قتال سے بیٹھ رہا یا اس سے پہلے فوت ہو گیا...... لیکن ان رافضیوں نے ابوبکر وعمر وعثمان اور عامۃ المہاجرین والانصار رضی اللہ عنہم اور جن لوگوں نے احسان کے ساتھ آپ ﷺ کی پیروی کی اور جمہور امت محمد ﷺ کو متقدمین ومتاخرین سب کو کافر قرار دے دیا۔ پس جو کوئی ابوبکر وعمر اور مہاجرین والانصار رضی اللہ عنہم کے بارے میں عدالت کا اعتقاد رکھتا ہے یا وہ ان سے ایسے راضی ہوتا ہے جیسے کہ اللہ ان سے راضی ہو گیا یا وہ ان کے لیے استغفار کرتا ہے جیسے کہ اللہ نے انہیں استغفار کرنے کا حکم دیا تو یہ (رافضی) اسے کافر قرار دیتے ہیں"۔

روافض پر اللہ کی لعنت کیوں

((عن عائشةؓ قالت قال رسول الله ﷺ لاتسبوا أصحابي لعن الله من سب أصحابي))

(رواه الطبراني في الاوسط ورجاله رجال على بن سهل وهو ثقة بحوالة مجمع الزوائد، ج:١٠، ص:٢١)

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے صحابہ

ﷺ کو برا کہو، اللہ نے لعنت کی ہے اس شخص پر جس نے میرے صحابہ کو برا بھلا کہا"۔

((وعن ابی سعید یعنی الخدری قال قال رسول اللہ ﷺ من سب احدا من اصحابی فعلیه لعنة اللہ))

(رواہ الطبرانی فی الاوسط وفیه ضعفاء وقد وثقوا بحوالہ مجمع الزوائد، ج:۱۰، ص:۲۱)

"حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے میرے صحابہ میں سے کسی ایک کو بھی گالی دی تو اس پر اللہ کی لعنت ہے"۔

((عن ابی سعید قال قال رسول اللہ ﷺ ثم لاتسبوا أصحابی فوالذی نفسی بیده لو ان احدکم انفق مثل احد ذهبا مابلغ مد أحدهم ولا نصیفه))

(صحیح البخاری، ج:۱۲، ص:۵۔ صحیح مسلم، ج:۱۲، ص:۳۶۹۔ ابوداود، ج:۱۲، ص:۲٦٤)

"حضرت ابو سعید فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے صحابہ کو گالیاں مت دو پس اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کے برابر بھی سونا خرچ کر دے تو وہ ان میں سے کسی ایک کے مد یا ان کے نصف کو بھی نہیں پہنچ سکتا"۔

((عن ابن عباسؓ قال قال رسول اللہ ﷺ من سب اصحابی لعنه اللہ والملائکة والناس اجمعون))

(رواہ الطبرانی وفیه عبد اللہ بن خراش وهو ضعیف بحوالہ مجمع الزوائد، ج:۱۰، ص:۲۱)

"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کو گالی دی اس پر اللہ کی لعنت اور فرشتوں کی لعنت اور تمام

انسانوں کی لعنت ہے"۔

((عن عویم ابن ساعدۃ ان رسول اللہ ﷺ قال ان اللہ تبارک وتعالیٰ اختارنی واختار لی اصحابا فجعل لی منھم وزراء وانصارا واصھارا فمن سبھم فعلیھم لعنۃ اللہ والملائکۃ والناس اجمعین ولا یقبل اللہ منہ صرف ولاعدل))

(المستدرک علی الصحیحین للحاکم،ج:۱۵،ص:۳۶۲،رقم:۶۷۳۲،ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ)

"عویم ابن ساعدہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے منتخب فرمایا اور میرے لیے رفقاء اور ساتھی بھی منتخب فرمائے اور پھر ان رفقاء میں سے کچھ کو میرا وزیر، کچھ کو میرا مددگار اور کچھ کو میرا رشتہ دار بنایا پس جس شخص نے ان کو بُرا کہا اس پر اللہ کی لعنت، فرشتوں کی لعنت اور تمام لوگوں کی لعنت اور اللہ تعالیٰ نہ تو اس کی توبہ قبول کرے گا اور نہ اس کا فدیہ یا یہ کہ نفل اس کا مقبول ہوگا نہ فرض"۔

روافض کے بارے میں حکم شرعی ان کے کفر کے بیان میں

"أخبرنا ابوبکر المروذی قال سألت ابا عبد اللہ عن من یشتم ابابکر وعمر وعائشۃ رضی اللہ عنہم قال ما أراہ علی الاسلام قال وسمعت ابا عبدا للہ یقول قال مالکؒ الذی یشتم اصحاب النبی ﷺ لیس لھم سھم أو قال نصیب فی الاسلام" (السنۃ للخلال، ج:۳،ص:۴۹۳ واسنادہ صحیح)

"ہم کو خبر دی حضرت ابوبکر المروذی رحمہ اللہ نے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے پوچھا حضرت عبد اللہ سے اس شخص کے متعلق جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بُرا کہے تو آپ رحمہ اللہ نے فرمایا اس کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں حضرت ابوبکر المروذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے سنا کہ حضرت عبد اللہ سے کہ وہ

فرماتے ہیں کہ فرمایا حضرت مالک رحمۃ اللہ علیہ نے کہ جو شخص بُرا کہے نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تو ان کا کوئی حصہ نہیں یا فرمایا ان کا کوئی حصہ نہیں اسلام میں"۔

"عبد الملک بن عبد الحميد قال سمعت أبا عبد الله قال ...... من شتم أصحاب النبي ﷺ ...... قد مرق عن الدين"

(السنة للخلال، ج: ۳، ص: ٤٩٣ واسناده صحيح)

"عبد الملک بن عبد الحمید فرماتے ہیں میں نے سنا ابو عبد اللہ سے وہ فرما رہے تھے کہ ...... جس نے نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو گالی دی ...... تحقیق وہ دین سے نکل گیا"۔

((قال ثنا ابو طالب انه قال لأبى عبد الله، الرجل يشتم عثمانؓ فاخبرني أن رجلا تكلم فيه فقال هذه زندقة))

(السنة للخلال، ج: ۳، ص: ٤٩٣ واسناده صحيح)

"ابو طالب نے ابو عبد اللہ سے پوچھا کہ ایک آدمی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیتا ہے پھر مجھے بتایا ایک آدمی کے بارے میں، جو ان کے بارے میں نازیبا کلمات بولتا ہے تو فرمایا یہی زندیقیت ہے"۔

"على بن عبد الصمد قال سألت احمد بن حنبل عن جار لنا رافضى يسلم على أرد عليه قال لا" (السنة للخلال، ج: ۳، ص: ٤٩٣، اسناده صحيح)

"علی بن عبد الصمد فرماتے ہیں کہ میں نے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا کہ ہمارے پڑوس میں رافضی ہے جو مجھ کو سلام کرتا ہے تو کیا میں اس کو جواب دوں؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا نہیں!"

"ان ابا عبد الله سئل عن جار له رافضى يسلم عليه قال لا واذا سلم عليه لا يرد عليه" (السنة للخلال، ج: ۳، ص: ٤٩٤، اسناده صحيح)

"ابوعبداللہ سے پوچھا گیا کہ اس کے پڑوس میں رافضی ہے جو اس کو سلام کرتا ہے تو کیا اس کو میں جواب دوں؟ فرمایا نہیں! جب وہ سلام کرے تو اس کو جواب نہ دو"۔

"الحسن بن علی الحسن انه سال عبد الله عن صاحب بدعة يسلم عليه قال اذا كان جهميا أو قدريا أو رافضيا داعية فلا يصلى عليه ولا يسلم عليه"

(السنة للخلال ،ج:۳،ص:۴۹۴ اسنادہ صحیح)

"حسن بن علی الحسن نے سوال کیا ابوعبداللہ سے صاحب بدعت کے بارے میں کہ وہ ان کو سلام کرتا ہے تو انہوں نے فرمایا جب جہمی یا قدریہ یا رافضی بلائے تو اس پر نہ نماز جنازہ پڑھو اور نہ اس پر سلام کرو"۔

"قال البخاري وقال وكيع الرافضة شر من القدرية"

(الفتاوى الكبرى لابن تيمية ،ج:۹،ص:۱۰۰)

"امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں (ان کے استاد) امام وکیع رحمہ اللہ نے فرمایا کہ روافض قدریہ سے بدتر ہیں"۔

"قال ابوبكر بن عياش: لا اصلى على رافضى"

(المغنی ،ج:۵،ص:۶۲)

"امام ابوبکر بن عیاش رحمہ اللہ نے فرمایا کہ میں رافضی کی نماز جنازہ نہیں پڑھتا"۔

"قال الفريابي: من شتم ابابكر فهو كافر ،لا يصلى عليه"

(المغنی ،ج:۵،ص:۶۲)

"امام فریابی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جس نے حضرت ابوبکر کو گالی دی تو وہ کافر ہے اس پر نماز جنازہ نہ پڑھو"۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے اس موضوع پر بہت سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ جس کی مختصر تفصیل درج ذیل ہے:

((وسئل شيخ الاسلام تقي الدين عمن يزعمون انهم يؤمنون بالله عزوجل وملائكته وكتبه ورسله واليوم الاخر ويعتقدون ان الامام الحق بعد رسول الله ﷺ هو علي بن ابي طالبؓ وان رسول الله ﷺ نص على امامته وان الصحابة ظلموه ومنعوه حقه وانهم كفروا بذلك فهل يجب قتالهم ؟ ويكفرون بهذا الاعتقاد ام لا؟))

(مجموعة فتاوى ابن تيمیةؒ ج:۲۸،ص:۴۶۸، باب تكفير الواحد المعين)

"شیخ الاسلام تقی الدین سے سوال کیا گیا ان لوگوں کے متعلق جو یہ زعم رکھتے ہیں کہ وہ اللہ جل جلالہ فرشتوں، کتابوں، رسولوں اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والوں میں سے ہیں..... اور یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ امام حق رسول اللہ ﷺ کے بعد علی بن ابی طالب ؓ ہیں..... اور یہ کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کی امامت پر نص بیان فرمائی تھی..... اور یہ کہ صحابہ نے ان پر ظلم کیا اور ان کا حق ان سے چھینا..... اور وہ اس کے سبب کافر ہو گئے۔ تو کیا ایسے لوگوں کے خلاف قتال واجب ہے اور کیا وہ اس اعتقاد کے سبب کافر ہیں یا نہیں؟"

جواب میں امام ابن تیمیہ ؒ نے ایک طویل فتویٰ دیا جس کے چند اقتباسات درج ذیل ہیں:

((ومذهب الرافضة شر من مذهب الخوارج المارقين فان الخوارج غايتهم تكفير عثمانؓ وعليؓ وشيعتهما، والروافضة تكفير ابي بكرؓ وعمرؓ وعثمانؓ وجمهور السابقين الاولين، وتجحد من سنة رسول الله ﷺ اعظم مما جحد به الخوارج، وفيهم من الكذب والافتراء والغلو والالحاد ماليس في الخوارج))

(الفتاوى الكبرىٰ لابن تیمیةؒ ج:۵،ص:۲۴۸)

"اور رافضہ کا مذہب دین سے نکل جانے والے خارجیوں سے بدتر ہے۔ کیونکہ

خوارج کی انتہا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ان کے گروہ کی تکفیر تھی اور روافض نے حضرت ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم اور تمام سابقین اولین کی تکفیر کی اور رسول اللہ ﷺ کی سنت کے حوالے سے خوارج سے بڑھ کر جدال کیا، ان روافض میں جھوٹ، افتراء، غلو اور الحاد ہے جو کہ خوارج میں نہیں تھا''۔

((فهذه سنة امير المومنين عليؓ وغيره قد امر بعقوبة الشيعة الاصناف الثلاثة واخفهم المفضلة فامر هو وعمرؓ بجلدهم))

(مجموعة فتاوى ابن تيميةؒ، ج: ٦، ص: ٤٢١)

''پس یہ امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ کی سنت ہے کہ آپ نے شیعہ کو سزا دینے کا حکم دیا ان (کی) تین قسموں پر اور ان میں سے کم تر تھی، فضیلت دینے پر..... پس انہوں نے (حضرت علی) اور عمر رضی اللہ عنہما نے ان کو کوڑے مارنے کا حکم دیا''۔

((وقد ثبت عن علي في صحيح البخاري وغيره من نحو ثمانين وجها انه قال: خير هذه الامة بعد نبيها: ابوبكرؓ ثم عمرؓ. وثبت عنه انه حرق غالية الرافضة الذين اعتقدوا فيه الالهية. وروى عنه باسانيد جيدة انه قال: لا اوتي باحد يفضلني على ابي بكرؓ وعمرؓ الا جلدته حد المفتري. وعنه انه طلب عبد اللّٰه بن سبا لما بلغه انه سب ابابكر وعمر ليقتله فهرب منه))

(مجموعة فتاوى ابن تيميةؒ، ج: ٦، ص: ٤٢١)

''صحیح بخاری وغیرہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ بات کئی وجوہ سے تقریباً اسی طرق پر ثابت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اس امت کے نبی ﷺ کے بعد سب سے افضل ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں پھر عمر رضی اللہ عنہ ہیں'' ۔ یہ بھی ثابت ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ نے غالی رافضیوں کو آگ میں جلوا دیا جب انہوں نے آپ کے بارے میں الوہیت کا اعتقاد رکھا۔ آپؓ سے ہی جید اسناد کے ساتھ

مروی ہے آپ نے فرمایا "میرے پاس کوئی ایسا بندہ لایا گیا جو مجھے ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما پر فضیلت دے تو میں اسے بہتان کی حد لگاؤں گا (یعنی اسی درے)۔ آپ رضی اللہ عنہ سے ہی مروی ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ نے ابن سبا کو طلب کیا جب آپ رضی اللہ عنہ کو خبر ملی کہ اس نے ابوبکر و عمر کو گالی دی ہے تو آپ نے اسے بلا بھیجا تاکہ اسے قتل کریں تو وہ بھاگ گیا"۔

"غالی روافض" کے بارے میں فقہاء اور علماء کے فتاویٰ کا خلاصہ یہ ہے کہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی الوہیت کے قائل ہوں، خلفائے راشدین کی خلافت کے انکاری، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت اور صحابہ میں تفضیل سے آگے بڑھ کر ان پر سب و شتم کرنے والے اور ان کی تکفیر کرنے والے ہوں۔

((واما تكفيرهم وتخليدهم: ففيه ايضا للعلماء قولان مشهوران وهما روايتان عن احمد والقولان في الخوارج والمارقين من الحرورية والرافضة ونحوهم والصحيح ان هذه الاقوال التي يقولونها التي يعلم انها مخالفة لما جاء به الرسول كفر وكذلك افعالهم التي هي من جنس افعال الكفار بالمسلمين هي كفر ايضا وقد ذكرت دلائل ذلك في غير هذا الموضع لكن تكفير الواحد المعين منهم والحكم بتخليده في النار موقوف على ثبوت شروط التكفير وانتفاء موانعه))

(مجموعة فتاوى ابن تيمية، ج:٦، ص:٤٢٤)

"جہاں تک ان کے کفر اور ان کے ہمیشہ جہنم میں رہنے کا مسئلہ ہے تو اس میں بھی علماء کے دو مشہور اقوال ہیں اور وہ احمد بن حنبل سے دو روایتیں ہیں اور وہ دونوں اقوال خوارجیوں، اسلام سے خارج حروریہ اور رافضہ وغیرہ کے متعلق ہیں۔ صحیح بات یہ ہے کہ یہ باتیں جو ان (رافضی) لوگوں کی زبانوں سے سرزد ہوتی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نبی ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کیساتھ کفر ہے۔ اسی طرح ان کے افعال جو مسلمانوں کے ساتھ جنس افعال کفار میں سے ہیں وہ بھی کفر ہیں، اور ہم

نے اس کے دلائل بارہا مرتب ذکر کیے ہیں۔ لیکن ان میں سے کسی ایک فرد معین کی تکفیر اور پھر آگ میں اس کی ہمیشگی ثبوت شرائط کفر پر اور اس کے موانع کی نفی پر موقوف ہے"۔

روافض کے بارے حکم شرعی ان سے قتال کے بارے میں

((وعن ابن عباسؓ قال کنت ثم النبی ﷺ وعنده علی فقال النبی ﷺ یا علی ابیکون فی امتی قوم ینتحلون حب اهل البیت لهم نبز یسمون الرافضة قاتلوهم فانهم مشرکون))

(رواه الطبرانی واسناده حسن بحوالة مجمع الزوائد، ج:۱۰، ص:۲۲۔ السنة لابن ابی عاصم، ج:۲، ص:۴۷۶)

"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس تھا اور آپ ﷺ کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اے علی رضی اللہ عنہ میری امت میں عنقریب ایسی قوم ہوگی جو اہل بیت سے محبت کا (جھوٹا) دعویٰ کرے گی۔ ان کے لئے ہلاکت ہے ان کو رافضہ کہا جائے گا تم ان سے قتال کرنا کیونکہ وہ مشرک ہوں گے"۔

((وعن فاطمةؓ بنت محمد ﷺ قالت نظر النبی ﷺ الی علی فقال هذا فی الجنة، وان من شیعته یعلمون (وفی روایة یلفظون) الاسلام ثم یرفضونه، لهم نبز یسمون (وفی روایة یشهدون) الرافضة من لقیهم فلیقتلهم فانهم مشرکون))

(مسند ابی یعلی ۱۳/۴۹۱، رقم:۵۰۶۶۔ رواه الطبرانی ورجاله ثقات بحواله مجمع الزوائد، ج:۱۰، ص:۲۲)

"حضرت فاطمہ بنت محمد ﷺ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا پھر فرمایا کہ یہ جنت میں ہوگا اور اس کے گروہ میں سے ایسے

لوگ ہوں گے جو اسلام کو جاننے کے بعد اس کو جھٹلا دیں گے۔ ان کے لئے ہلاکت ہے۔ ان کو رافضہ کے نام سے جانا جائے گا، جب تمہارا ان سے سامنا ہو تو ان سے قتال کرنا کیونکہ وہ مشرک ہیں"۔

((وعن ابن عباسؓ عن النبی ﷺ قال یکون فی آخر الزمان قوم یسمون (وفی روایۃ ینبزون) الرافضۃ یرفضون الاسلام ویلفظونہ فاقتلوھم فانھم مشرکون))

(کنز العمال، ج:۱،ص:۲۲۳،رقم:۱۱۲۸۔رواہ أبو یعلی والبزار والطبرانی ورجالہ وثقوا وفی بعضھم خلاف بحوالہ مجمع الزوائد،ج:۱۰،ص:۲۲۔مسند الحارث (زوائد الھیثمی) ج:۲،ص:۹۴۵۔مسند ابی یعلی،ج:٤،ص:٤۵۹،برقم الحدیث:۲۵۸٦۔السنۃ لابن ابی عاصم،ج:۲،ص:٤۷۵۔فضائل الصحابۃ لابن حنبل،ج:۱،ص:٤٤۰)

"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ آخری زمانے میں ایسی قوم ہوگی جس کو رافضہ کے نام سے پکارا جائے گا، جو اسلام کو جھٹلا دیں گے اور اس سے نکل جائیں گے تم ان سے قتال کرنا کیونکہ وہ مشرک ہیں"۔

((عن ابی عبد الرحمن السلمی عن علی قال قال رسول اللہ ﷺ یاتی بعدی قوم لھم نبز یقال لھم الرافضۃ فاذا لقیتموھم فاقتلوھم فانھم مشرکون قلت یارسول اللہ ماالعلامۃ فیھم قال یقرضونک بما لیس فیک ویطعنون علی اصحابی ویشتمونھم))

(کنز العمال،ج:۱۱،ص:۳۲٤،رقم:۳۱٦۳٤۔السنۃ لابن ابی عاصم،ج:۲،ص:٤۷٤)

"ابو عبد الرحمن سلمی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

کہ میرے بعد ایک قوم آئے گی ان کے لئے خرابی ہے، ان کو رافضہ کہا جائے گا پس تمہارا ان سے سامنا ہو تو ان کو قتل کرو کیونکہ وہ مشرک ہیں۔ میں نے کہا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ ان کی علامت کیا ہوگی؟ فرمایا کہ مدح کریں گے تمہاری اس چیز کے بارے میں جو تم میں نہیں ہے اور میرے اصحاب پر طعن کریں گے اور ان کو گالیاں دیں گے"۔

((عن علی بن ابی طالب قال قال رسول اللہ ﷺ، یاعلی انک من اھل الجنۃ وانہ یخرج فی امتی قوم ینتحلون شیعتا لیسوا من شیعتا لھم نبز یقال لھم الرافضۃ وآیتھم انھم یشتمون ابابکر وعمر اینما لقیتھم فاقتلھم فانھم مشرکون))

(السنن الواردۃ فی الفتن، ج:۳، ص:۶۷۶، رقم الحدیث:۲۷۹۔ الفردوس بماثور الخطاب، ج:۵، ص:۳۱۶)

"حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک تم اہل جنت میں سے ہو اور میری امت میں سے ایک قوم نکلے گی جو اپنے آپ کو ہماری اولاد سے منسوب کریں گے اور وہ ہماری اولاد میں سے نہیں ہوں گے، ان کے لئے برائی ہے، ان کو رافضہ کہا جائے گا اور ان کی علامت یہ ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو گالی دیں گے وہ جہاں کہیں بھی تم کو ملیں تم ان کو قتل کرو کیونکہ وہ مشرک ہیں"۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

((الا ادلک علی عمل اذا عملتہ کنت من اھل الجنۃ؟ وانک من اھل الجنۃ، انہ سیکون بعدنا قوم لھم نبز یقال لھم الرافضۃ، فان ادرکتموھم فاقتلوھم فانھم مشرکون)) (بحوالہ الصارم المسلول لابن تیمیہ)

"کیا تمہیں ایسا عمل نہ بتاؤں جس کو انجام دینے سے تم جنتی بن جاؤ، اور بلاشبہ (اے

علی! تم جنتی ہو، ہمارے بعد ایک گروہ رافضہ آئے گا اگر تم انہیں پاؤ تو ان کو قتل سے دریغ نہ کرنا، وہ مشرک ہیں"۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

((والغالیة یقتلون باتفاق المسلمین وهم الذین یعتقدون الالهیة والنبوة فی علی وغیره مثل النصریة والاسماعیلیة الذین یقال لهم بیت صاد وبیت سین ومن دخل فیهم من المعطلة الذین ینکرون وجود الصانع أو ینکرون القیامة أو ینکرون ظواهر الشریعة مثل الصلوات الخمس وصیام شهر رمضان وحج البیت الحرام ویتاولون ذلک علی معرفة اسرارهم وکتمان اسرارهم وزیارة شیوخهم ویرون ان الخمر حلال لهم ونکاح ذوات المحارم حلال لهم. فان جمیع هؤلاء الکفار أکفر من الیهود والنصاری))

(مجموعة فتاوی ابن تیمیة، ج:٦، ص:٤٢٦)

"غالی رافضہ مسلمانوں کے اتفاق کے ساتھ واجب القتل ہیں اور وہ ایسے ہیں جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں الوہیت اور نبوۃ کا عقیدہ رکھتے ہیں جیسے کہ النصیریہ، الاسماعیلیہ جنہیں "بیت صاد" اور "بیت سین" کہا جاتا ہے۔ اسی طرح وہ "معطلہ" بھی ان میں شامل ہیں جو کائنات کے بنانے والے کا انکار کرتے ہیں، یا قیامت کا انکار کرتے ہیں یا شریعت کے ظواہر کا انکار کرتے ہیں مثلاً پانچ نمازیں، رمضان کے روزے، بیت الحرام کا حج اور پھر اس کی تاویل کرتے ہیں کہ وہ ان باتوں کے اسرار و رموز سے واقف ہیں اور اسے اپنے شیوخ کی زیارت پر محمول کرتے ہیں۔ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ شراب حلال ہے اور ذی محرم کے ساتھ نکاح جائز ہے۔ پس تمام ایسے لوگ کافر ہیں اور ان کا کفر یہود و نصاریٰ سے زیادہ سخت ہے"۔

((ولا يجب قتل كل واحد منهم اذا لم يظهر هذه القول أو كان في قتله مفسدة راجحة، ولهذا ترك النبي ﷺ قتل ذلك الخارجي ابتداءً لئلا يتحدث الناس ان محمدا يقتل اصحابه، ولم يكن اذ ذاك فيه فساد عام، ولهذا علي قتلهم اول ماظهر لانهم كانوا اخلقا كثير وكانوا داخلين في الطاعة والجماعة ظاهراً لم يحاربوا اهل الجماعة ولم يكن يتبين له أنهم هم))

(مجموعة فتاوى ابن تيمية، ج:٦، ص:٤٢٣)

"ان میں ہر ایک کو قتل کرنا واجب نہیں جب کہ اس سے کوئی ایسی بات ظاہر نہ ہو یا اس کے قتل میں کوئی راجح مفسدہ ہو۔ اسی لیے نبی ﷺ نے اس پہلے ابتداء کرنے والے خارجی کو قتل کرنے سے اجتناب کیا، تا کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ محمد ﷺ اپنے ساتھیوں کو قتل کرتے ہیں اور اس لیے کہ اس میں عام فساد برپا ہونے کا اندیشہ ہے۔ جب وہ پہلی دفعہ ظاہر ہوئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دور میں، تو (شروع میں) ان کے قتل کو ترک کر دیا گیا کیونکہ اس وقت وہ خلقت کثیر تھے اور اطاعت وجماعت میں ظاہری طور پر داخل تھے، تو اہل جماعت نے ان کے خلاف قتال نہیں کیا لیکن انہیں جب یہ بات اچھی طرح معلوم ہو گئی کہ یہ وہی لوگ ہیں جن کے متعلق مخبر صادق ﷺ نے خبر دی تھی! (تو انہوں نے ان سے قتال کیا)"۔

((ولأن علي بن ابي طالب طلب ان يقتل عبد الله بن سبا اول الرافضة حتى هرب منه. ولان هؤلاء من اعظم المفسدين في الارض فاذا لم يندفع فسادهم الا بالقتل قتلوا))

(مجموعة فتاوى ابن تيمية، ج:٦، ص:٤٢٣)

"امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے عبد اللہ بن سبا کو بلا بھیجا، جو سب سے پہلا رافضی تھا، تا کہ اسے قتل کریں تو وہ بھاگ گیا! اور اس لیے کہ یہ لوگ زمین کے اوپر

سب سے بڑے فسادی ہیں پس اگر ان کا فساد قتل کے بغیر نہ جاتا ہو تو انہیں قتل کر دینا ہی بہتر ہے۔''

اور اس کے بعد کے ادوار میں ان کا کفر، مسلمانوں سے بغض وعداوت کھل کر کفار ومشرکین سے معاونت کی صورت میں سامنے آیا۔ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

((وفیھم من معاونة الکفار علی المسلمین مالیس من الخوارج ..... والرافضة ھم معاونون للمشرکین والیھود والنصاری علی قتال المسلمین ..... وکذلک فی الحروب التی بین المسلمین وبین النصاری بسواحل الشام قدعرف اھل الخبرة ان الرافضة تکون مع النصاری علی المسلمین وانھم عاونوھم علی اخذ البلاد ..... واذاغلب المسلمون النصاری والمشرکین کان ذالک غصة عند الرافضة واذاغلب المشرکون والنصاری المسلمین کان ذلک عیداومسرة عند الرافضة))

(الفتاوی الکبری لابن تیمیة، ج:۵، ص:۲۴۸)

''اور ان (روافض) میں وہ لوگ ہیں جو مسلمانوں پر کافروں کی معاونت کرتے ہیں ..... اور رافضہ معاونت کرتے ہیں مشرکوں اور یہود ونصاریٰ کی مسلمانوں کے قتل عام کرنے پر ..... اور اسی طرح ان (صلیبی) جنگوں میں جو مسلمانوں اور نصاریٰ کے درمیان ہوئیں شام کے ساحل پر۔ اہل خبر کے ہاں مشہور ہے کہ رافضہ مسلمانوں کے مقابلے میں نصاریٰ کے ساتھ ہوتے تھے اور مسلمانوں کے شہروں قبضہ کرنے میں نصاریٰ کی مدد کرتے تھے ..... اور جب مسلمانوں کو نصاریٰ اور مشرکین پر غلبہ حاصل ہوتا تو رافضہ کے نزدیک یہ بات غصہ والی ہوتی اور اگر مسلمانوں پر مشرک اور نصاریٰ غلبہ حاصل کرتے تو یہ بات ان کے لیے عید اور مسرت کا باعث ہوتی''۔

((وهذا هو السبب فيما شاع في العرف العام: ان اهل البدع هم الرافضة. فالعامة شاع عندها ان ضد السنّي هو الرافضة فقط لانهم أظهر معاندة لسنة رسول الله ﷺ وشرائع دينه من سائر اهل الاهواء. وايضاً فالخوارج كانو يتبعون القرآن بمقتضى فهمهم وهؤلاء انما يتبعون الامام المعصوم عندهم الذي لا وجود له. فمستند الخوارج خير من مستندهم. وايضاً فالخوارج لم يكن منهم زنديق ولا غال وهؤلاء فيهم من الزنادقة والغالين لا يحصيه الا الله))

(مجموعة فتاوى ابن تيمية، ج:٦، ص: ٤٢٦)

''یہ باتیں بیان کرتی ہیں کہ وہ عام اہل الاہواء سے بھی بدتر ہیں اور خوارج سے بھی زیادہ قتال کیے جانے کے مستحق ہیں، یہ سبب ہے جس کے بارے میں یہ عرف عام بن گیا ہے کہ اہل بدعت رافضی ہیں اسی لیے عام لوگوں میں یہ مشہور ہے کہ سنی کا مخالف فقط رافضی ہے۔ کیونکہ وہ سنت رسول کے ساتھ سب سے زیادہ معاندانہ رویہ رکھتے ہیں اور آپ ﷺ کی شریعت کے اہل الاہواء میں سب سے بڑے دشمن ہیں۔ اسی طرح خوارج بھی قرآن کی اتباع اپنی فہم کے تقاضوں کے مطابق کرتے تھے جبکہ یہ امام معصوم کی اتباع کرتے ہیں، جس کا کوئی وجود نہیں۔ خوارج کا مستدان کے مستند سے بہتر تھا۔ اسی طرح خوارجیوں میں کوئی زندیق و غالی نہ تھا جبکہ ان میں زندیق و غالی اتنے ہیں جنھیں اللہ ہی بہتر جانتے ہیں''۔

((وكذلك الخروج والمروق يتناول كل من كان في معنى اولئك ويجب قتالهم بامر النبي ﷺ كما وجب قتال اولئك. وان كان الخروج عن الدين والاسلام انواعاً مختلفة وقد بينا ان خروج الرافضة ومروقهم أعظم بكثير))

(مجموعة فتاوى ابن تيمية، ج:٦، ص: ٤٢٢)

''اسی طرح دین سے نکلنا اور اس سے خارج ہونا، اس میں ہر وہ شخص شامل ہے جو اس

مسئ میں آئے اور ایسے لوگوں کے ساتھ امر نبی ﷺ کے ساتھ قتال واجب ہے جیسے کہ ان (رافضی) لوگوں کے ساتھ قتال واجب ہے۔ اگرچہ اسلام سے خارج ہونے اور اس سے نکلنے کی بہت سی اقسام ہیں جنہیں ہم نے بیان کیا ہے کہ رافضہ کا خروج اور ان کا دین سے نکلنا بہت ہی عظیم ہے"۔

((والمقصود هنا ان يتبين ان هؤلاء الطوائف المحاربين لجماعة المسلمين من الرافضة ونحوهم هم شر من الخوارج الذى نص النبى ﷺ على قتالهم ورغب فيه وهذا متفق عليه بين علماء الاسلام العارفين بحقيقته)) (مجموعة فتاوى ابن تيمية ج:٦، ص:٤٢٦)

"یہاں مقصود یہ ہے کہ یہ بیان کیا جائے کہ یہ محارب گروہ رافضہ وغیرہ ان خوارجیوں سے بدتر ہیں جن کے قتل کی نص نبی کریم ﷺ نے بیان فرمائی ہے اور ان کے ساتھ قتال کی ترغیب دی ہے۔ یہ اس امر کی حقیقت کو جاننے والے علماء کے درمیان متفق علیہ مسئلہ ہے"۔

﴿باب دوم﴾

تاریخ روافض

شیخ مصعب الزرقاوی شہید رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"ہم نے تاریخ کا مطالعہ کیا تو اس کے ماضی و حاضر میں اور نہ ہی آنے والے مستقبل میں ہم نے کوئی ایسی قوم رافضیوں سے بدتر پائی ہے جس کی سیرت قباحتوں سے بھرپور ہو۔ اللہ تعالیٰ ان رافضیوں کو رسوا کرے کہ جنہوں نے اس کے دین کو بدل ڈالا اور اس کے سیدھے رستے کو ٹیڑھا کر دیا۔ اس اعلیٰ دین کو انہوں نے ادنیٰ معاملات سے بدل دیا اور یہودیوں کی خباثتوں اور عیسائیوں کی گمراہیوں کا ملغوبہ لے کر ایک ایسا دین نکالا تاکہ وہ نیا دین اسلام کے دشمنوں کے ادیان سے مناسبت رکھے۔ وہ ایک ایسا دین لے کر آئے جو اس بات کی تعلیم دیتا ہے کہ اس امت کے آخری لوگ اس کے پہلوں پر (نعوذ باللہ) لعنت بھیجیں، قرآن مجید کا مکمل انکار کر دیں، شریعت کو معطل کر دیں، قبلہ کے بارے میں شرک کا ارتکاب کریں، یہاں تک کہ مسلمان اپنے قبلہ کو چھوڑ کر کربلا و مشہد کی طرف رخت سفر باندھنے لگ جائیں اور مسلمانوں میں دین کے نام پر فحاشی کو پھیلائیں"۔

رافضیت کا اصل مقصد اسلام کی عمارت کو گرانا

شیخ مصعب الزرقاوی شہید رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"اس لیے ہم نے اپنے رب اللہ تعالیٰ کی طرف معذرت کرتے ہوئے لازمی سمجھا کہ ہم اس قوم کے جرائم کو بے نقاب کریں شاید کہ وہ باز آجائیں۔ رافضیت، جن گمراہی کے اندھیروں میں کھڑی ہے، اس کی غرض دو راستوں سے اسلام کی عمارت کو گرانا ہے:

(۱) اس دین کی حقیقت کو مشکوک بنا دیا جائے اور اس کے عقائد کو لیٹ جا کر دیا جائے۔ اہل حق کے مذہب کے اندر شبہات پیدا کیے جائیں اور اس دین کے اصول وضوابط میں شک پیدا کیا جائے۔ چاہے اس کے لیے اس دین کے اصول وفروع میں تحریف کرنی پڑ جائے تا کہ یہ دین ایک مسخ شدہ دین بن کر رہ جائے۔

(۲) دوسری طرف سیاسی میدان میں اسلامی حکومت کے خارجی وداخلی ستونوں کو کمزور کیا جائے۔

داخلی طور پر قوم کے اندر چھپ کر ان کے نفوس کو کمزور کیا جائے اور اصحاب حرص کے ذریعے انہیں امام اور خلیفۃ المسلمین کے خلاف خروج کے لیے ابھارا جائے یا خلیفہ کے خلاف مختلف الزامات ودعوے کر کے اس کا قتل کیا جائے۔ خارجی طور پر دین کے دشمنوں کے ساتھ تعاون کیا جائے اور ان کے ساتھ اتحاد قائم کیا جائے تا کہ وہ اسلامی حکومت کو گرانے میں مددگار ثابت ہوں"۔

رافضیت دراصل سبائیت کی پیداوار ہے

شیخ مصعب الزرقاوی شہید رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"یہ دو امور ہی اصل بنیادی منہج ہیں جس کے اوپر "دین رافضیت" آغاز ہی سے اپنے یہودی موجد "عبداللہ بن سبا ملعون" کے ہاتھوں قائم ہے۔ وہ کمینہ انسان جسے اپنے آپ کو چھپانے کے لیے "حب اہل بیت" کے نعرے کے علاوہ کوئی سہارا نہ ملا جبکہ اس سے قبل وہ اپنے اسلام کا اظہار کر چکا تھا مگر اندرونی طور پر وہ کفر پر قائم رہا اور اسلام کے خلاف ریشہ دوانیوں میں مصروف رہا۔

ابن سبا اپنے اس منصوبے کے لیے مسلم معاشرے میں بہت سے کمزور نفوس اور خواہشات کے غلام ڈھونڈنے میں کامیاب ہو گیا اور اسے ایسے اہل ہوس مل گئے جنہوں نے امیر المومنین عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے خلاف فتنہ کھڑا کر دیا۔ اس کے علاوہ اس کو ایسے ساتھی بھی مل گئے جن کے ساتھ مل کر اس نے اسلامی دارالخلافہ کے باہر فتنہ کھڑا کرنے میں کامیاب ہو گیا یہاں تک کہ

ایسے لوگوں نے خلیفہ کو قتل کر ڈالا اور اس کی رعیت کو مشکل میں مبتلا کر دیا۔ اس نے ہی اپنے انہی خبیث ساتھیوں کی مدد سے صحابہ رضی اللہ عنہم کے درمیان بھی اختلافات پیدا کرنے کی راہ نکال لی اور ایک دفعہ پھر مسلم معاشرے میں قبائلی عصبیت پھیل گئی جس کو ختم کرنے کے لیے اسلام آیا تھا۔ انہوں نے آل بیت کے نام پر فتنہ کھڑا کیا اور لوگوں کو بھی فتنہ میں مبتلا کیا یہاں تک کہ کتاب وسنت کو ہم تک نقل کرنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم کی صداقت میں تشکیک پیدا کرنے کی کوششیں کی گئی۔ اس کام کے لیے انہوں نے آل بیت کی محبت کا لبادہ اوڑھا بلکہ اس میں مبالغہ کرتے ہوئے ان کے لیے "عصمت" کا عقیدہ گھڑ لیا۔ یہاں تک کہ اس سبائی فرقہ نے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے بارے میں الوہیت کا عقیدہ گھڑ لیا۔

میں کہتا ہوں کہ جب ابن سبا کے پیروکاروں نے دیکھا کہ وہ اپنے ان سارے مکروہ فتنوں میں کامیاب ہو گیا ہے تو رافضیوں نے اسی طریق کو جاری رکھا اور اسی منہج پر وہ اپنے پہلے دن سے آج تک عمل پیرا ہیں۔ علماء سلف نے اپنے کتب وبیانات میں رافضیت اور ان کے دین کی حقیقت کو آشکار کیا ہے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ "المنہاج السنة النبویة" میں فرماتے ہیں:

"والرافضة ليس لهم سعي الا في هدم الاسلام ونقض عراه و افساد قواعده"

"رافضیوں کی ہر سعی اسلام کے عقائد وقواعد کو گرانے کے لیے ہی ہوئی ہے"۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ "المنہاج السنة النبویة" میں کہتے ہیں:

"اسی لیے تو دیکھے گا کہ رافضی ہمیشہ اسلام کے دشمنوں اور مرتدین کی مدد کرتے ہیں"۔

رافضہ کے بارے میں سلف کے اقوال

شیخ مصعب الزرقاوی شہید رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"امام البخاری "خلق افعال العباد" میں کہتے ہیں:

"ما ابالي صليت خلف الجهمي والرافضي ام صليت خلف اليهود والنصارى، ولا يسلم عليهم ولا يعادون، ولا يناكحون ولا يشهدون ولا تو كل ذبائحهم"

"میں اس میں فرق نہیں جانتا کہ میں کسی جہمی کے پیچھے نماز پڑھوں یا رافضی کے پیچھے یا یہودی و عیسائی کے پیچھے۔ ان پر سلام نہ کیا جائے، ان کی عیادت نہ کی جائے، نہ ان سے نکاح کیا جائے نہ ان کے جنازے میں حاضر ہوا جائے اور نہ ہی ان کا ذبیحہ کھایا جائے"۔

امام احمد بن یونس رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"لو ان یھودیا ذبح شاۃ وذبح رافضی لأکلت ذبیحۃ الیھودی ولم آکل ذبیحۃ الرافضی، لانہ مرتد عن الاسلام"

"اگر ایک یہودی ایک بکری ذبح کرے اور ایک رافضی ایک بکری ذبح کرے تو میں یہودی کا ذبیحہ کھالوں گا اور رافضی کا ذبیحہ نہیں کھاؤں گا کیونکہ وہ اسلام سے مرتد ہے"۔

امام ابن حزم رحمہ اللہ ان عیسائیوں کے جواب میں کہتے جو رافضیوں کے قول سے استدلال کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ قرآن مجید تحریف شدہ ہے وہ فرماتے ہیں:

"واما قولھم یعنی النصاریٰ فی دعویٰ الروافض تبدیل القرآن، فان الروافض لیسوا من المسلمین"

"اور ان عیسائیوں کا یہ کہنا کہ رافضیوں کا دعویٰ ہے کہ قرآن محرف ہے تو رافضی مسلمان ہی نہیں ہیں"۔

چنانچہ مشہور تابعی ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"جب فتنوں کا ظہور ہوا اور بدعتیں رواج پا گئیں اور لوگ ہمارے پاس حدیث بیان کرنے آتے تھے تو ہم انہیں کہتے:

"سموا لنا رجالکم فان کان من اھل السنۃ فیوء خذ حدیثھم وان کان من اھل البدعۃ والروافض یطرد حدیثھم"

"ہمیں اپنے راویوں کا تعارف کرواؤ پس اگر وہ اہل السنۃ میں سے ہوتے تو ہم ان کی احادیث لے لیتے اور اگر وہ بدعتی رافضی ہوتے تو ہم انکی حدیثیں چھوڑ دیتے تھے"۔

یہاں تک کہ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے فرمایا:

"انهم شر من عامة اهل الاهواء واحق بالقتال من الخوارج"

"بے شک وہ عام ہوس پرستوں سے بھی بدتر ہیں اور خوارج سے زیادہ قتال کے حق دار ہیں"۔

اہل سنت والجماعت کی مخالفت

شیخ مصعب الزرقاوی شہید رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"اسی طرح (رافضیوں کی کتاب) "عیون الاخبار الرضی" میں ہے کہ ایک صدوق نے علی بن اسباط سے روایت کی وہ کہتا ہے کہ میں نے رضا علیہ السلام سے کہا کہ کوئی مسئلہ پیش آجاتا ہے لیکن مجھے اس کی حقیقت کے بارے میں معلوم نہیں ہوتا اور جس شہر میں میں رہتا ہوں وہاں کوئی ایسا بھی نہیں کہ اس سے فتویٰ لوں تو انہوں نے کہا:

(ائت فقيه البلد فاستفته في امرک فاذا افتاک بشيء فخذ بخلافه فان الحق فيه)

"تو شہر کے (سنی) فقیہ کے پاس جا اور اپنے معاملے میں اس سے فتویٰ لے اور جب وہ تجھے فتویٰ دیدے تو اس کے خلاف عمل کر، کیونکہ حق اسی میں ہے"۔

(رافضی) نعمۃ اللہ الجزائری اپنی کتاب "انوار النعمانیۃ" میں کہتا ہے:

"ہم کہتے ہیں کہ وہ رب جس کے نبی محمد ہیں اور ابوبکر ان کے خلیفہ ہیں وہ ہمارا رب نہیں ہے اور نہ ہی ایسا نبی ہمارا نبی ہے"۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بغض وعناد

شیخ مصعب الزرقاوی شہید رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

کہ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "ابوبکر و عمر پہ طعن صرف دو آدمی ہی کر سکتے ہیں:

(۱) منافق، زندیق، اسلام کا دشمن کوئی ملحد یہاں تک کہ وہ اس طعن میں بڑھتا ہوا نعوذ

باللہ رسول اللہ ﷺ کی ذات پر اور دین پر بھی طعن کرنے لگ جاتا ہے۔ یہی حال تھا اس مذہب کے پہلے بدعتی موجد کا اور باطنیہ فرقہ کے آئمہ کا۔

(۲) یا کوئی جاہل جو اپنی جہالت میں افراط و تفریط کا شکار ہو، یا خواہش کا پجاری ہو اور یہ غالب عام شیعوں کی حالت ہے چاہے وہ باطنی طور پر مسلمان ہی ہوں''۔

ابن کثیر الدمشقی فرماتے ہیں:

''اس آیت سے مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ (الفتح: ۲۹)، امام مالک رحمہ اللہ نے رافضیوں کی تکفیر کا مسئلہ اخذ کیا، وہ جو صحابہؓ سے بغض رکھتے ہیں کیونکہ وہ ﴿یغیظ بھم﴾ ان سے غیظ کھاتے ہیں اور جو کوئی صحابہؓ کے ساتھ غیض کھائے تو وہ اس آیت کے سبب کافر ہے۔ علماء کے ایک گروہ نے ان کی اس معاملے میں موافقت کی ہے''۔

امام قرطبی رحمہ اللہ نے بہت ہی اچھی بات کہی ہے کہ:

''امام مالک رحمہ اللہ نے نہایت احسن بات کہی اور انھوں نے اس کی بہترین تاویل فرمائی ہے پس جس کسی نے بھی ایک صحابی رضی اللہ عنہ کا بھی تنقص کیا یا اس کی روایت میں طعن کیا تو اس نے اللہ کی بات کو جھٹلایا اور مسلمانوں کی شریعت کو باطل ٹھہرا دیا''۔

ابن عبدالقوی رحمہ اللہ امام احمد رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں:

''امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ صحابہؓ پر تبراء کرنے والے اور ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کو گالی دینے والے اور ان پر الزام لگانے والے کو کافر قرار دیتے تھے اور ایسے شخص کے لیے یہ آیت تلاوت کرتے ﴿یعظکم اللہ ان تعودوا لمثلہ ابداً ان کنتم مومنین﴾ اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ ایسی بات آئندہ مت دہراؤ اگر تم مومن ہو''۔

امام قرطبی رحمہ اللہ نے کہا کہ ''ہشام بن عمار فرماتے ہیں کہ میں نے امام مالک رحمہ اللہ کو کہتے ہوئے سنا:

"من سب ابا بکر و عمر ادب ومن سب عائشة قتل لان اللہ تعالیٰ یقول یعظکم اللہ ان تعودوا لمثلہ ابداً ان کنتم مؤمنین۔ فمن سب عائشة فقد خالف القرآن ومن خالف القرآن قتل"

"جس نے ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو گالی دی اسے تادیبی سزا دی جائے گی اور جس نے عائشہ رضی اللہ عنہا کو گالی دی اسے قتل کردیا جائے گا کیونکہ اللہ عزوجل فرماتے ہیں کہ اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ ایسی بات کومت دوہراؤ اگر تم مومن ہو۔ کیونکہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو گالی دینا قرآن کی مخالفت ہے اور جو قرآن کی مخالفت کرتا ہے وہ قتل کیا جائے گا"۔

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ سے مروی ہے جسے خلال نے ابوبکر المروذی سے روایت کیا ہے وہ کہتے ہیں:

"سألت ابا عبد اللہ عن یشتم ابابکر وعمر وعائشة رضی اللہ عنہم قال ما أراہ علی الاسلام"

"میں نے ابوعبداللہ احمد بن حنبل رحمہ اللہ سے سوال کیا اس شخص کے متعلق جو ابوبکر و عمر و عائشہ کو گالی دیتا ہے تو انہوں نے کہا میں نہیں سمجھتا کہ وہ اسلام پر ہے"۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ اپنی کتاب 'الصارم المسلول' میں کہتے ہیں:

"جس نے یہ گمان کیا کہ قرآن میں نقص ہے یا اس سے کچھ چھپایا گیا ہے یا اس نے قرآن میں ایسی باطنی تاویلات کی اس کے تمام مشروع اعمال ساقط ہیں ایسے لوگوں کے کفر میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ جس نے یہ سمجھا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد مرتد ہوگئے سوائے چند نفوس کے جن کی تعداد دس سے کچھ اوپر تک ہے اور ان کے عامہ پر فسق کا حکم لگایا۔ پس ایسے شخص کے کفر میں بھی کوئی شک نہیں کیونکہ ایسا کرنے والا قرآن کی نصوص کا انکار کر رہا ہے۔ ان نصوص نے متعدد مقامات پر اللہ کی صحابہ رضی اللہ عنہم پر رضا کا ذکر کیا ہے اور ان کی تعریف کی ہے۔ بلکہ جو کوئی ایسے شخص کے کفر میں شک کرے اس کا کفر بھی متعین ہے۔ کیونکہ رافضیوں کی اس بات کا

خلاصہ یہ ہوتا ہے کہ کتاب وسنت کے نقل کرنے والے کافر یا فاسق ہیں۔ یہ آیت ﴿کنتم خیر امۃ اخرجت للناس﴾ ''تم بہترین امت ہو جو لوگوں کے لیے نکالی گئی ہے''۔ تو جس نے انہیں بہترین قرار دیا وہ قرآن ہے اور اگر ان پہلے لوگوں کے عامہ کافر یا فاسق ہیں تو پھر اس کا خلاصہ یہ رہ جاتا ہے کہ یہ امت شریر ترین امت ہے اور اس امت کے پہلے لوگ شریر لوگ تھے۔ اسلام میں ایسے بندے کا کفر معلوم ہے''۔

ابولولوء فیروز رافضیوں کا ہیرو

شیخ مصعب الزرقاوی شہید ؒ فرماتے ہیں:

''ہم یہاں یہ بات ذکر کرتے ہیں کہ یہ خیانت اور یہ جرم رافضیوں کا پہلا جرم تھا حالانکہ اس وقت تک رافضی فرقہ بالفعل بطور سیاسی فکر و کفر کے ظاہر نہ ہوا تھا۔ اس کے دو سبب ہیں:

(۱) ابولولوء مجوسی پہلا شخص تھا جس نے مسلم حاکم کا سیاسی قتل کیا جبکہ وہ اسلام کے خلاف کینہ و بغض چھپائے ہوئے تھا اور یہی وہ ظلمت گاہ ہے جس سے باقی ماندہ رافضیوں نے راہ نکالی۔

(۲) اس کے بعد رافضیوں نے اسے اپنے ہیروز میں شمار کیا اور اسی سے سنت قتل کو اپنی بنیاد قرار دیا اور اپنے جرائم کے لیے قانونی حیثیت سے سراہا یہاں تک کہ وہ اپنی کتب میں اس کا ذکر کرتے ہیں بلکہ انہوں نے اپنے گڑھ ایران میں اس کے لیے ایک قبر اور مزار بھی تعمیر کیا جہاں وہ اس کی قبر کا طواف کرتے اور اس پر نذریں مانتے ہیں۔

یہ بات جاننی چاہیے کہ ایران کے شہر ''کاشان'' میں ایک علاقہ ہے جسے ''باغیین'' کہا جاتا ہے جو کہ ایک گمنام فوجی کی طرف منسوب ہے اور اس میں ابولولوء فیروز مجوسی فارسی کتے کی وہمی قبر ہے جو کہ خلیفہ ثانی عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کا قاتل ہے جبکہ انہوں نے اس جگہ کو ایسا نام دیا جس کا معنی ہے ''بابا شجاع الدین کی قبر'' اور بابا شجاع الدین یہ وہ لقب ہے جو انہوں نے عمر فاروق کو قتل کرنے کے سبب اس خنزیر کو دے رکھا ہے اور دیواروں پر فارسی میں لکھا ہے:

"مرگ بر ابوبکر، مرگ بر عمر، مرگ بر عثمان"

"موت ابوبکر کے لیے، موت عمر کے لیے، موت عثمان کے لیے"۔ (نعوذ باللہ)

